مطبوعات

بُستان المُحدّثین (اردو ترجمہ) یہ حضرت شاہ عبدالعزیز محدّث دہلوی کی جلیل المرتبت تالیف ہے۔ اس میں حضرت شاہ صاحب نے احادیث کے مختلف مجموعوں اور ان کے جامعین کا مختصر طور پر تعارف کرایا ہے۔ اس کا سببِ تالیف خود شاہ صاحب نے آغاز کتاب میں بیان فرمایا ہے کہ "چونکہ اکثر رسالوں اور تصانیف میں ایسی کتابوں سے حدیثیں نقل کی جاتی ہیں جن پر اطلاع نہ ہونے کی وجہ سے سننے والوں کو حیرانی پیش آتی ہے اس وجہ سے اصل مقصود تو ان ہی کتابوں کا ذکر ہے مگر ضمناً ان کے مصنفین کا بھی ذکر ہے۔" اس کے بعد شاہ صاحب نے امام مالکؒ کی مؤطا سے لے کر امام بغوی کی مصابیح تک تقریباً ۹۵ کتابوں کا تعارف کرایا ہے۔ یہ تذکرہ جلیلہ مبتدی سے لے کر منتہی تک کیلئے یکساں لائقِ اعتناء و باعثِ افادہ ہے۔ محدّثین کرام نے احادیث کی جمع و تدوین کا جو اہم کام سرانجام دیا ہے اس کتاب کے مطالعہ سے اُس کا کسی قدر اندازہ ہو سکتا ہے۔ اصل کتاب فارسی میں تھی۔ کارخانۂ تجارت کتب نے اس کا اُردو ترجمہ شائع کر کے دینِ اسلامی کی بڑی خدمت انجام دی ہے۔ کتابت و طباعت معیاری ہے۔ قیمت پانچ روپے۔ ملنے کا پتہ: کارخانہ تجارت کتب، آرام باغ۔ کراچی۔ (خ۔ ح)

سہ ماہی اقبال ریویو مدیران: ڈاکٹر محمد رفیع الدین صاحب و پروفیسر خورشید احمد صاحب۔ شائع کردہ: دی اقبال اکیڈیمی، کراچی۔ سالانہ چندہ ۸ روپے۔ فی پرچہ ۲ روپے۔ صفحات ۱۰۴۔

یہ قابل قدر مجلّہ سال میں دو مرتبہ انگریزی میں اور دو مرتبہ اردو میں شائع ہوتا ہے۔ یہ پرچہ اگرچہ ڈاکٹر اقبال مرحوم کے افکار و نظریات کی توضیح و اشاعت کے لیے وقف ہے لیکن اس میں وہ سارے موضوع آجاتے ہیں جن پر ڈاکٹر اقبالؒ نے کلام کیا یا اُن کو دلچسپی رہی اس بنا پر تفسیر، حدیث، فقہ، ادب، فلسفہ و منطق، تاریخ، تصوف، معیشت و سیاست

سب کے لیے اس مجلہ میں گنجائش موجود ہے۔ اس وقت ہمارے سامنے اس کا پہلا شمارہ ہے۔ اس میں یوں تو سارے مقالات ہی تحقیقی ہیں لیکن جناب پروفیسر خورشید احمد صاحب کا فاضلانہ مقالہ: اقبال اور اسلامی قانون کی تشکیل جدید" بڑا وقیع اور زوردار ہے۔ اس مقالے میں جہاں انہوں نے ڈاکٹر اقبال کے نظریۂ قانون سازی کی وضاحت فرمائی ہے وہاں انہوں نے مرحوم کے بارے میں پھیلائی ہوئی چند غلط فہمیوں کا ازالہ بھی کیا ہے۔ فاضل مقالہ نگار نے نہایت واضح دلائل سے یہ ثابت کیا ہے کہ علامہ مرحوم اسلامی قانون کی تشکیل میں سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآنِ مجید کے بعد دوسری بنیاد قرار دیتے تھے۔ اور اس بارے میں اُن کا موقف امت کے دوسرے ائمہ سے مختلف نہ تھا۔ پھر اجتہاد اُن کی نظر میں آزاد خیالی کا ہم معنی نہیں بلکہ قرآن وسنت اور آثارِ صحابہؓ اور ائمہؒ کی تحقیق کی روشنی میں نئے نئے مسائل کے متعلق اسلامی احکام کی تلاش وجستجو ہے۔ اس لیے جو لوگ اجتہاد سے مراد ماضی سے انحراف لیتے ہیں وہ ہر لحاظ سے غلطی پر ہیں۔ پرچہ کا معیارِ طباعت نہایت عمدہ ہے اور اسے دیکھ کر عربی ممالک یا مغربی ممالک کا ذوقِ طباعت سامنے آجاتا ہے۔ (ع۔ ح)

فکرِ اسلامی کا ترجمان وداعی

برِصغیر ہندو پاک کا واحد عربی ماہنامہ

البعث الاسلامی

زیرِ ادارت

سید محمد حسنی۔ سعید الاعظمی ندوی

— سالانہ چندہ: ؎ —

دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ۔

نئے دور کا آغاز

البعث الاسلامی، ربیع الاول کے شمارہ سے جو جلد ششم کا پہلا شمارہ ہوگا نئے دور میں داخل ہورہا ہے۔

- نئی ترتیب — نیا معیار — نئے مضامین
- عالمِ عربی کے ممتاز ترین اہل قلم اور اہل فکر کا تعاون
- اعلیٰ معیارِ طباعت۔ تحقیقی۔ دعوتی اور ادبی معیار کا حامل

پاکستان میں چندہ جمع کرنے کا پتہ: ماہنامہ فاران، کیمبل سٹریٹ کراچی